© rasailojaraid.com



# کارروائی اجلاس مجلس عاملہ

الحمد لله رب العالمين والصلوة والسلام على خاتم الانبياء والمرسلين اما بعد

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس عاملہ کا ایک اہم اجلاس مورخہ ۲۲ رشوال المکرم ۱۴۳۲ھ بمطابق ۲۱ رستمبر ۲۰۱۱ء بروز بدھ صبح دس بجے مرکزی دفتر وفاق المدارس العربیہ پاکستان گارڈن ٹاؤن شیر شاہ روڈ ملتان میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب دامت برکاتہم نے فرمائی۔ نظامت کے فرائض ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا قاری محمد حنیف جالندھری صاحب مدظلہم نے سرانجام دیئے۔ اجلاس میں مندرجہ ذیل عہدیداران وفاق و اراکینِ عاملہ نے شرکت فرمائی۔

| نمبر شمار | نام | نام مدرسہ | پتہ |
|---|---|---|---|
| 01 | حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب (صدر) | مهتمم جامعه فاروقيه | شاہ فیصل کالونی کراچی نمبر ۲۵ |
| 02 | حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب (نائب صدر) | مهتمم جامعة العلوم الاسلاميه | علامہ بنوری ٹاؤن کراچی |
| 03 | حضرت مولانا انوار الحق صاحب (نائب صدر) | نائب مهتمم دارالعلوم حقانيه | اکوڑہ خٹک ضلع نوشہرہ |
| 04 | حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب (ناظم اعلیٰ) | مهتمم جامعه خير المدارس | اورنگزیب روڈ ملتان |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| 05 | حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب (رکن) | صدر جامعہ دارالعلوم کراچی | کے ایریا کورنگی کراچی نمبر ۱۴ |
| 06 | حضرت مولانا مشرف علی تھانوی صاحب (خازن) | مہتمم جامعہ دارالعلوم اسلامیہ | علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور |
| 07 | حضرت مولانا قاضی عبدالرشید صاحب (ناظم پنجاب) | مہتمم دارالعلوم فاروقیہ | قائداعظم کالونی دھمیال روڈ، راولپنڈی |
| 08 | حضرت مولانا ڈاکٹر سیف الرحمٰن صاحب (ناظم سندھ) | ناظم جامعہ عربیہ مفتاح العلوم | سائٹ ایریا عقب کاف کاٹ ملز، حیدرآباد |
| 09 | حضرت مولانا عبدالمجید صاحب (رکن) | شیخ الحدیث جامعہ اسلامیہ باب العلوم | کہروڑپکا، لودھراں |
| 10 | حضرت مولانا فضل الرحیم صاحب (رکن) | نائب مہتمم جامعہ اشرفیہ | فیروزپور روڈ، لاہور |
| 11 | حضرت مولانا مفتی محمد طیب صاحب (رکن) | مہتمم جامعہ اسلامیہ امدادیہ | گلشن امداد، ستیانہ روڈ، فیصل آباد |
| 12 | حضرت مولانا ارشاد احمد صاحب (رکن) | مہتمم دارالعلوم عید گاہ | کبیروالہ، ضلع خانیوال |
| 13 | حضرت مولانا مفتی محمد طاہر مسعود صاحب (رکن) | مہتمم جامعہ مفتاح العلوم | چوک سیٹلائٹ ٹاؤن سرگودھا |
| 14 | حضرت مولانا محمد ادریس صاحب (رکن) | شیخ الحدیث جامعہ عربیہ انوار العلوم | کنڈیارو، ضلع نوشہرو فیروز |
| 15 | حضرت مولانا سعید یوسف صاحب (رکن) | مہتمم جامعہ اسلامیہ تعلیم القرآن | پلندری، سدھنوتی (آزاد کشمیر) |
| 16 | حضرت مولانا مفتی صلاح الدین صاحب (رکن) | مہتمم دارالعلوم چمن | پوسٹ بکس نمبر 2، صفہ ٹاؤن، چمن، قلعہ عبداللہ |
| 17 | حضرت مولانا قاضی نثار احمد صاحب (رکن) | مہتمم جامعہ اسلامیہ نصرۃ الاسلامیہ | عیدگاہ روڈ، کنوداس گلگت |
| 18 | حضرت مولانا حسین احمد صاحب (رکن) | ناظم جامعہ عثمانیہ | عثمانیہ کالونی، نوتھیہ روڈ، پشاور |



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| 19 | حضرت مولانا اصلاح الدین حقانی صاحب (رکن) | جامعہ دار العلوم اسلامیہ | بنوری ٹاؤن، لکی مروت |
| 20 | حضرت مولانا فیض محمد صاحب (رکن) | جامعة العلوم الشرعیہ | کوشک پوسٹ بکس ۱۴، جی پی او، خضدار |
| 21 | حضرت مولانا ذاکر اللہ صاحب (رکن) | جامعہ مدینة العلوم | نویکلے ڈاکخانہ عنائت کلے خار باجوڑ ایجنسی |
| 22 | حضرت مولانا محمد مظہر شاہ صاحب (رکن) | مہتمم مدرسہ اسعد بن زرارہؓ | گلشن اقبال فیرون حاصل پور روڈ، بہاولپور |
| 23 | حضرت مولانا حق نواز صاحب (رکن) | مہتمم جامعہ دار العلوم الصفہ | سعید آباد بلدیہ ٹاؤن سیکٹر 3-A کراچی |

اجلاس کا آغاز حضرت مولانا فضل الرحیم صاحب کی تلاوت کلام پاک سے ہوا، تلاوت کلام پاک کے بعد حضرت مولانا قاضی عبد الرشید صاحب کے بھائی، حضرت مولانا عبد الرحمٰن اشرفی رحمہ اللہ صاحب، ان کی ہمشیرہ مرحومہ اور دیگر مرحومین کے لئے دعائے مغفرت کی گئی۔

## لائحہ عمل

**(۱) گذشتہ اجلاس کی کارروائی کی توثیق:**......حضرت ناظم اعلیٰ وفاق مد ظلہم نے گذشتہ اجلاس منعقدہ ۳؍صفر المظفر ۱۴۳۲ھ بمطابق ۸؍جنوری ۲۰۱۱ء بروز ہفتہ منعقدہ جامعة العلوم الاسلامیہ، علامہ بنوری ٹاؤن کراچی کی کارروائی کی خواندگی برائے توثیق پیش فرمائی، تمام اراکین عاملہ نے اس کی توثیق فرمائی۔ اس کے بعد گذشتہ اجلاس کی کارروائی سے متعلقہ ودیگر اہم امور زیر بحث آئے

**(۲) وفاق کی پوزیشنوں کے بارے میں ضابطہ:**......سالانہ امتحان کے پرچہ جات کے مواد پر نظر ثانی کا فیصلہ برقرار رکھا گیا۔ نیز اگر نظر ثانی کے بعد پوزیشن تبدیل ہوئی تو اس کا اعتبار کیا جائے گا اور سابقہ پوزیشن ختم ہو جائے گی۔ آئندہ کے لئے یہ فیصلہ کیا گیا کہ نتائج کے اعلان سے قبل پہلی تیس پوزیشنوں اور تفاوت فاحش والے پرچہ جات پر امتحانی کمیٹی کی نگرانی میں نظر ثانی کی جائے گی اور پوزیشنوں کی حتمی جانچ پڑتال کے بعد نتائج کا اعلان کیا جائے گا۔

**(۳)......نصابی کمیٹی کے مجوزہ نصاب تعلیم بنین وبنات اور تجوید کے نصاب پر غور:**......حضرت ناظم اعلیٰ وفاق مد ظلہم نے فرمایا کہ نصاب کمیٹی نے اپنے حالیہ اجلاس منعقدہ ۲۰؍۲۱؍شوال المکرم ۱۴۳۲ھ بمطابق ۱۹؍۲۰؍ستمبر ۲۰۱۱ء بروز پیر، منگل بمقام دفتر وفاق ملتان میں، جس میں فی الحال بنات کے نصاب تعلیم اور تجوید کے نصاب پر غور کیا ہے اور اسے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

مرتب کیا ہے، بنین کے نصاب تعلیم اور دراسات کے نصاب پر، نصاب کمیٹی اپنے آئندہ اجلاس میں غور کرے گی۔

حضرت ناظم اعلیٰ وفاق مد ظلہم نے فرمایا کہ گذشتہ نصاب کمیٹی نے بنات کیلئے چار سالہ اور چھ سالہ دو نصاب تجویز کئے تھے اور شہادۃ العالمیہ کیلئے چھ سالہ نصاب کی تجویز دی تھی، موجودہ نصاب کمیٹی نے با تفاق رائے یہ تجویز پاس کی ہے کہ شہادۃ العالمیہ کیلئے چھ سال نصاب لازمی ہونا چاہیے، ہمیں چھ سالہ نصاب رائج کرنے کی ہر ممکنہ کوشش کرنی چاہیے، علمی استعداد کیلئے کم از کم چھ سالہ نصاب نہایت ضروری ہے، نیز ہر علم وفن میں بنین و بنات کے نصاب میں مساوات ہے، لہٰذا ہمیں بنات کے لئے چھ سالہ نصاب کا فیصلہ کرنا پڑے گا، اس کے لئے نصاب کمیٹی نے جو چھ سالہ نصاب تجویز کیا ہے، ہمیں اس پر غور کرنا ہے اور اسے رائج کرنے کی بھرپور سعی کرنی ہے، حضرت ناظم اعلیٰ نے کہا کہ مجلس شوریٰ اپنے ایک سابقہ اجلاس (منعقدہ ۱۲/ربیع الثانی ۱۴۳۰ھ مطابق ۹/اپریل ۲۰۰۹ء) میں بنات کے لئے چھ سالہ اور چار سالہ دورانیہ کے نصابوں کی اصولی طور پر پہلے ہی منظوری دے چکی ہے۔ نصاب کمیٹی کا تجویز کردہ چھ سالہ نصاب میٹرک پاس طالبات کے لئے ہے جو ثانویہ خاصہ تا عالیہ ہے، جو طالبات میٹرک پاس نہیں ہوں گی، انہیں پہلے ثانویہ عامہ کا دو سالہ نصاب پڑھایا جائے گا جو زیادہ تر عصری مضامین پر مشتمل ہو گا، ارباب مدارس و جامعات کو ایک سال میں مکمل کرانے کی بھی اجازت ہو گی۔

حضرت ناظم اعلیٰ وفاق مد ظلہم نے دراسات کے نصاب کے متعلق فرمایا کہ دین کی بنیادی معلومات اور مسلمان گھرانوں میں دینداری کا ماحول بیدار کرنے کے لئے دراسات کا دو سالہ نصاب زیر غور ہے۔

اس کے بعد حضرت ناظم اعلیٰ وفاق مد ظلہم نے نصاب کمیٹی کا تجویز کردہ بنات کا چھ سالہ نصاب تعلیم اور تجوید کا ایک سالہ نصاب برائے علماء اور تجوید کا دو سالہ نصاب برائے حفاظ پیش فرمایا، مجلس عاملہ نے اس کی منظوری دی۔

## چھ سالہ نصاب تعلیم (بنات)......ثانویہ خاصہ سال اول:

| نمبر شمار | پرچہ | مادہ | کتب |
|---|---|---|---|
| 01 | پہلا | تفسیر | ترجمہ ومختصر تفسیر پارۂ عم |
| 02 | دوسرا | حدیث | جوامع الکلم (حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ) بعدہٗ زاد الطالبین مکمل مع ترکیب باب اول |
| 03 | تیسرا | فقہ | بہشتی زیور (حصہ: ۲، ۳، ۴) |
| 04 | چوتھا | صرف | علم الصرف (حصہ: ۱، ۲، ۳) مع اجراء۔ اس کے لئے ''تمرین الصرف'' سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ |


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| 05 | پانچواں | نحو | عوامل النحو (مع مختصر ترکیب حصہ نثر)، علم النحو مع اجراء، اسکے لئے "تمرین النحو" اور "تسہیل النحو" سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ |
| 06 | چھٹا | ادب | الطریقۃ العصریہ (ج۔۱)، عربی کا معلم (حصہ اوّل، دوم) مولانا عبدالستار خان صاحب |
| 07 | ساتواں | تجوید | حدر آخری پانچ پارے (دیکھ کر) مع حفظ ربع آخر پارہ عم۔ خلاصۃ التجوید مولانا قاری اظہار احمد تھانوی |

## ثانویہ خاصہ سال دوم (للبنات)

| نمبر شمار | پرچہ | مادہ | کتب |
|---|---|---|---|
| 01 | پہلا | تفسیر | ترجمہ و مختصر تفسیر قرآن مجید سورۂ یونس تا اختتام سورۂ عنکبوت |
| 02 | دوسرا | فقہ | مختصر القدوری از ابتداء تا اختتام کتاب الحج، کتاب النکاح تا آخر کتاب النفقات |
| 03 | تیسرا | اصول فقہ | آسان اصول فقہ مکمل مولفہ مولانا خالد سیف اللہ رحمانی صاحب، اصول الشاشی بعد تصحیح امثلہ |
| 04 | چوتھا | صرف | علم الصیغہ مع خاصیاتِ ابواب از علم الصرف حصہ چہارم |
| 05 | پانچواں | نحو | شرح مائۃ عامل (نوعِ اوّل با ترکیب)، بعدہ ہدایۃ النحو |
| 06 | چھٹا | ادب و منطق | قصص النبیین (ج ۲۔۳)، تیسیر المنطق |

## عالیہ سال اوّل (للبنات)

| نمبر شمار | پرچہ | مادہ | کتب |
|---|---|---|---|
| 01 | پہلا | تفسیر | ترجمہ و مختصر تفسیر قرآن مجید سورۂ روم تا ختم سورۂ مرسلات |
| 02 | دوسرا | حدیث | ریاض الصالحین مکمل |
| 03 | تیسرا | فقہ | مختصر القدوری (مابقیہ) ماسوائے کتاب الفرائض |
| 04 | چوتھا | اصول فقہ و میراث | نور الانوار (بحث سنت و اجماع) آسان فرائض اردو سراجی تا ختم باب الرد |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| 05 | پانچواں | بلاغت | دروس البلاغۃ (مکمل) |
| 06 | چھٹا | ادب عربی وعقائد | مقامات حریری پہلے پانچ مقامے، العقیدۃ الطحاویۃ (متن)<br>نوٹ: مقامات حریری کے مقامے قابل غور ہیں۔ |

## عالیہ سال دوم (للبنات)

| نمبرشمار | پرچہ | مادہ | کتب |
|---|---|---|---|
| 01 | پہلا | تفسیر | ترجمہ قرآن مجید از ابتداء تا ختم سورہ توبہ |
| 02 | دوسرا | حدیث | مشکوٰۃ جلد اول |
| 03 | تیسرا | حدیث واصول حدیث | مشکوٰۃ جلد ثانی مع خیر الاصول |
| 04 | چوتھا | فقہ | ہدایہ جلد اول |
| 05 | پانچواں | اصول فقہ | نور الانوار (از ابتداء تا آخر کتاب اللہ) |
| 06 | چھٹا | عقائد واصول تفسیر | شرح عقائد از عذاب قبر تا آخر' علوم القرآن حصہ اول باب اوّل۔ حصہ دوم باب اول ودوم |

## عالمیہ سال اوّل (للبنات)

| نمبرشمار | پرچہ | مادہ | کتب |
|---|---|---|---|
| 01 | پہلا | تفسیر | منتخبات جلالین شریف جلد اوّل' سورۃ البقرہ اور سورۃ النساء جلد ثانی سورۃ الاحزاب والنور ولقمان و الطلاق والتحریم وربع آخر جز پارہ عم مع سورہ فاتحہ |
| 02 | دوسرا | اصول حدیث' اصول تفسیر و تربیت اولاد | التبیان فی علوم القرآن از ابتداء تا آخر فصل رابع۔ تیسیر مصطلح الحدیث دکتور محمود الطحان۔ مختصر اسلام اور تربیت اولاد مولفہ ڈاکٹر حبیب اللہ مختار شہید |
| 03 | تیسرا | فقہ | ہدایہ جلد ثانی ماسوائے کتاب العتاق والسیر والحدود |
| 04 | چوتھا | حدیث | طحاوی کتاب الطہارۃ' کتاب الصلوٰۃ، موطأ امام محمد از کتاب النکاح تا آخر کتاب العقیقہ |


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| 05 | پانچواں | حدیث | جامع ترمذی (ج۔۲) باستثناء کتاب العلل |
| 06 | چھٹا | حدیث | سنن ابوداؤد جلد اول |

## عالمیہ سال دوم (للبنات)

| نمبر شمار | پرچہ | مادہ | کتب |
|---|---|---|---|
| 01 | پہلا | حدیث | صحیح بخاری (ج۔۱) |
| 02 | دوسرا | حدیث | صحیح بخاری (ج۔۲) |
| 03 | تیسرا | حدیث | صحیح مسلم (ج۔۱ ماسوائے مقدمہ) |
| 04 | چوتھا | حدیث | صحیح مسلم (ج۔۲) |
| 05 | پانچواں | حدیث | ابوداؤد شریف (ج۔۲) |
| 06 | چھٹا | حدیث | جامع ترمذی (ج۔۱) |

# نصاب تجوید

## ایک سالہ نصاب تجوید برائے فضلاء وفاق المدارس العربیہ پاکستان

| نمبر شمار | پرچہ | کتب |
|---|---|---|
| 01 | پہلا | معلم التجوید حضرت مولانا قاری شریف احمد صاحب |
| 02 | دوسرا | تفہیم الوقوف مولانا قاری محمد اسماعیل صاحب |
| 03 | تیسرا | المقدمہ الجزریہ مع تشریحات وحفظ ابیات۔ مقدمہ جزریہ کی تشریح کے لئے (۱) مولانا قاری اظہار احمد تھانوی کی شرح جزری (۲) قاری شریف احمد کی شرح جزری (۳) قاری رحیم بخش صاحب کی العطایا الوھبیہ سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ |
| 04 | چوتھا | حدر مکمل قرآن مجید |
| 05 | پانچواں | ترتیل پارہ عم مع حفظ |
| 06 | چھٹا | صفحات فی علوم القراءاتؒ، دکتور عبدالقیوم بن عبدالغفور السندی |
| 07 | برائے مطالعہ | دفاع قراءات مولانا محمد طاہر رحیمیؒ |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

نوٹ: وفاق المدارس کا امتحان پاس کرنے پر ان فضلاء کو ''شھادۃ التجوید (للعلماء)'' دی جائے گی۔ مقدمہ جزریہ۔ حدر یا ترتیل وحفظ کے امتحان میں ناکام طالب علم کو ناکام سمجھا جائے گا۔

## دوسالہ نصاب تجوید برائے حفاظ طلبہ

### سال اوّل

| نمبر شمار | پرچہ | کتب |
|---|---|---|
| 01 | پہلا | خلاصۃ التجوید بعدہ جمال القرآن |
| 02 | دوسرا | جامع الوقف معرفۃ الوقوف مولفہ مولانا قاری محب الدین احمد لکھنویؒ |
| 03 | تیسرا | حدر ابتدائی دس پارے |
| 04 | چوتھا | ترتیل پارہ ۲۹ و ۳۰ |
| 05 | پانچواں | مفتاح القرآن دو حصے |
| 06 | چھٹا | تعلیم الاسلام دو حصے مع سیرۃ الرسول |

### سال دوم

| نمبر شمار | پرچہ | کتب |
|---|---|---|
| 01 | پہلا | فوائد مکیہ |
| 02 | دوسرا | المقدمۃ الجزریہ مع ترجمہ وحفظ ابیات |
| 03 | تیسرا | حدر آخری بیس پارے |
| 04 | چوتھا | ترتیل چالیس منتخب رکوعات مع عملی اجراء قواعد تجوید |
| 05 | پانچواں | مفتاح القرآن آخری تین حصے |
| 06 | چھٹا | تعلیم الاسلام آخری دو حصے مع سیرۃ خاتم الانبیاء |

نوٹ: حفاظ طلبہ کو وفاق المدارس کا امتحان تجوید پاس کرنے پر ''شھادۃ التجوید (للحفاظ)'' جاری کی جائے گی۔

حضرت مولانا ارشاد احمد صاحب مدظلہم نے تجویز پیش فرمائی کہ علم الصرف کے بجائے ان کی تالیف ''علم الصرف جدید'' کو شامل نصاب کیا جائے تو اس سے ''صرف'' کی اچھی استعداد پیدا ہوگی، کیونکہ موجودہ علم الصرف ایک نامکمل کتاب ہے جو ''صرف'' کی استعداد پیدا کرنے کے لئے ناکافی ہے، اس پر حضرت ناظم اعلیٰ وفاق مدظلہم


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

نے فرمایا کہ آپ اپنی کتاب نصاب کمیٹی اور مجلس عاملہ کے اراکین کو برائے غور و مشاورت پیش فرمادیں، ان حضرات کی آراء و تجاویز کی روشنی میں نصاب کمیٹی اس پر مزید غور کرے گی۔

**(۴) بلوچستان کے بعض مدارس کا مسئلہ:**...... بلوچستان کے بعض مدارس کے بارے میں سرکاری امداد لینے کی شکایات موصول ہوئیں تھیں، جس پر ان مدارس کا سالانہ نتیجہ موقوف کر دیا گیا تھا، اس سلسلہ میں جمیعت علماء اسلام صوبہ بلوچستان اور صوبہ بلوچستان کے بعض اہل مدارس کا ایک مشترکہ وفد مجلس عاملہ کے سامنے اپنا مؤقف پیش کرنے کیلئے آیا تھا، انہیں اپنا مؤقف پیش کرنے کی دعوت دی گئی، اھل مدارس کے نمائندہ مولانا عبدالرحمٰن صاحب اور جمیعت کے نمائندہ مولانا حافظ حمداللہ صاحب نے تفصیلاً اپنا مؤقف پیش کیا، اراکین مجلس عاملہ نے بڑے غور سے ان حضرات کی بات کو سنا، ان کے پورے کلام کا حاصل یہ تھا کہ بلوچستان کے بعض مدارس نے جو فنڈ لیا ہے وہ سرکاری فنڈ یا زکوٰۃ فنڈ نہیں ہے بلکہ وہ مقامی ایم پی اے کا صوابدیدی فنڈ تھا، ایم پی اے نے اپنے صوابدیدی فنڈ سے بعض مدارس کو ضروری سامان لے کر دیا ہے، لہذا اسے سرکاری فنڈ نہیں کہا جاسکتا۔

بلوچستان کے وفد کا پورا مؤقف سننے کے بعد مجلس عاملہ نے اس پر مندرجہ ذیل فیصلے کیئے:

(الف)...... کسی بھی شکایت پر متعلقہ فریق کا مؤقف معلوم کرنے کے بعد فیصلہ کیا جائے گا۔

(ب)...... وفاق آئندہ یہ واضح فیصلہ کرے گا کہ ملحقہ مدارس کے لئے کس قسم کا فنڈ لینا ممنوع ہے۔ آئندہ اجلاسِ عاملہ کے ایجنڈے میں بطور خاص یہ بات شامل کی جائے گی۔

(ج)...... بلوچستان کے مدارس کے معاملہ کی تحقیق کے لئے ایک تحقیقاتی کمیٹی بنائی جائیگی۔ حضرت صدر وفاق دامت برکاتہم، حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر دامت برکاتہم اور حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب دامت برکاتہم اور ناظم اعلیٰ وفاق المدارس مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب دامت برکاتہم کی مشاورت سے کمیٹی کے اراکین کا تعین کریں گے۔

ساڑھے تین بجے سہ پہر حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب دامت برکاتہم کی دعا سے اجلاس کی پہلی نشست اختتام پذیر ہوئی۔

☆......☆......☆

**دوسری نشست:**...... بعد از نماز عصر ساڑھے پانچ بجے دوسری نشست کا آغاز حضرت مولانا فضل الرحیم صاحب دامت برکاتہم کی تلاوت کلام پاک سے ہوا، اجلاس کی صدارت حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب دامت برکاتہم نے فرمائی، نظامت کے فرائض ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا قاری محمد حنیف جالندھری صاحب مدظلہم نے سرانجام دیئے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

**(۵) سالانہ امتحانات کے نتائج کا جائزہ اور داخلہ کی تاریخوں میں تبدیلی پر غور:**......سالانہ امتحان منعقدہ رجب/شعبان ۱۴۳۲ھ کے نتائج کا بغور جائزہ لیا گیا اور نتائج کو تسلی بخش قرار دیا گیا، اس ضمن میں راسب کی ضمنی امتحان میں شرکت کے متعلق غور و خوض کے بعد گذشتہ فیصلہ ہی برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا گیا کہ راسب ضمنی امتحان میں شرکت کا اہل نہیں ہے۔

داخلہ کی تاریخوں میں تبدیلی کے بارے میں ناظم دفتر وفاق مولانا عبدالمجید صاحب کی رائے کے مطابق مندرجہ ذیل فیصلہ کیا گیا۔

☆......یکم ربیع الاول تا ۳۰/ ربیع الاول......سنگل فیس

☆......یکم ربیع الثانی تا ۱۵/ ربیع الثانی......ڈبل فیس

☆......۱۶/ ربیع الثانی تا ۳۰/ ربیع الثانی......تین گنا فیس

☆......۳۰/ ربیع الثانی کے بعد کوئی داخلہ وصول نہیں کیا جائے گا۔

**(۶) ماہنامہ وفاق کے لئے مجوزہ راہنما اصول:**...... ماہنامہ وفاق المدارس کی پالیسی کے متعلق مندرجہ ذیل ہدایات مرتب کر لی گئی ہیں۔ حضرت ناظم اعلیٰ وفاق مدظلہم مجوزہ ہدایات کو حتمی شکل دیں گے۔

**ماہنامہ وفاق المدارس کی پالیسی سے متعلق ہدایات:**

(۱)......ماہنامہ وفاق المدارس میں وفاق کی کارکردگی سے متعلق مضامین، خبریں اور رپورٹیں شائع کی جائیں۔ اکابرین وفاق کے سرکاری و غیر سرکاری شخصیات سے جو مذاکرات ہوتے ہیں، ان کی تفصیلات سے مدارس کو آگاہ کیا جائے۔

(۲)......رسالہ میں وفاق المدارس کی مجلس عاملہ اور مجلس شوریٰ کے اجلاسوں کے حتمی فیصلوں اور ان کی روئیداد شائع کی جائیں۔

(۳)......امتحانات اور دیگر تعلیمی امور سے متعلق اعلانات بھی ماہنامہ وفاق میں پابندی کے ساتھ شائع کیے جائیں۔

(۴)......قومی اخبارات اور رسائل میں مدارس کی اہمیت اور حمایت میں لکھے جانے والے مضامین کو بطور خاص شائع کیا جانا چاہیے۔ مدارس کے خلاف جو پروپیگنڈا جاری ہے، اس کا مدلل جواب بھی شائع ہونا چاہیے۔

(۵)......"ارشادات اکابر" کے عنوان سے اکابر علمائے دیوبند کے مضامین اور مقالات بھی وقتاً فوقتاً شائع کیے جانے چاہیں، لیکن ان میں کوئی بات ایسی نہیں آنی چاہیے جو علمائے دیوبند کے درمیان مختلف فیہ ہو۔

(۶)......حتی الامکان ہر شمارے میں اسلامی علوم کے مصادر و مراجع میں سے کسی ایک کتاب کا تفصیلی تعارف شائع کیا جانا چاہیے۔

(۷)......درس و تدریس اور تعلیم و تربیت سے متعلق تاریخی اور علمی مضامین کی اشاعت کا خاص اہتمام ہونا چاہیے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

(۸)......"وفیات" کے عنوان سے ممتاز علمائے کرام، مشائخ اور مدرسین واساتذہ کی وفات پر تعزیتی شذرات اوران کے سوانح سے متعلق مستند مضامین شائع ہونے چاہیں۔

(۹)......تازہ مطبوعات اور جدید کتابوں پر تبصرہ اور تعارف مستقل کالم کی صورت میں پابندی کے ساتھ شائع کیا جاسکتا ہے، اس میں بھی کوئی بات ایسی نہیں آنی چاہیے جو علماء دیوبند کے درمیان مختلف فیہ ہو۔

(۱۰)......بین الاقوامی یا ملکی اور قومی سطح پر بعض تازہ موضوعات پر بھی کبھی کبھار اہم مضامین شائع ہونے چاہیں، اس میں بھی کوئی بات ایسی نہیں آنی چاہیے جو علماء دیوبند کے درمیان مختلف فیہ ہو۔

(۱۱)......ماہنامہ وفاق المدارس میں مختلف سیاسی جماعتوں یا گروپوں یا شخصیات میں سے کسی کی حمایت یا مخالفت نہیں کی جائے گی، وفاق المدارس چونکہ ایک خالص تعلیمی وتربیتی بورڈ ہے۔ اس لئے اس کے ترجمان ماہنامے کی پالیسی اس کی اجازت نہیں دیتی۔

(۱۲)......ہر شمارے کے محتویات ومشتملات کی توثیق جناب ناظم اعلیٰ وفاق سے یا ان کے نامزد کردہ کسی ذمہ دار سے کرالی جائے۔

(۱۳)......یادِ رفتگان کے عنوان سے اکابرینؒ کے حالات بھی شائع ہونے چاہیں۔

**(۷)......مجوزہ دستور وفاق پر غور:**......حضرت ناظم اعلیٰ وفاق مدظلہم نے فرمایا کہ "دستور وفاق" پر غور جاری ہے، دستوری کمیٹی ان شاء اللہ آئندہ اجلاس تک اپنا کام مکمل کرلے گی تاکہ مجلس عاملہ اپنے آئندہ اجلاس میں اس پر غور کرسکے۔

**(۶)......دیگر امور باجازت صدر:**

(الف)......غیر ملکی فضلاء کے بارے میں فیصلہ کیا گیا کہ تحتانی اسناد کے بغیر وہ عالیہ کے امتحان میں شرکت کے اہل نہیں ہیں۔

(ب)......داخلہ فیس اور ہر طرح کے حق الخدمت میں اضافے کا فیصلہ ہوا، حضرت صدر وفاق دامت برکاتہم اور حضرت ناظم اعلیٰ مدظلہم باہمی مشاورت کے بعد اس کا اعلان فرمائیں گے۔

(ج)......اعلیٰ سے اعلیٰ عصری تعلیم کا حامل امیدوار صرف ثانویہ عامہ ہی میں شریک امتحان ہوسکتا ہے، اعلیٰ عصری تعلیم کی بنیاد پر کسی کو ثانویہ عامہ سے اگلے کسی بھی درجہ کے امتحان میں شرکت کا استحقاق نہیں ہے۔

(د)......داخلہ فارم پر تصویر کے مسئلہ پر دوبارہ غور وخوض کرکے تصویر کے بارے میں گذشتہ فیصلہ کو برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا گیا۔

شام ساڑھے چھ بجے حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب دامت برکاتہم کی دعا سے اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

ضبط وترتیب:......حضرت مولانا مفتی طاہر مسعود (رکن مجلس عاملہ)، مہتمم جامعہ مفتاح العلوم (سرگودھا)

نظر ثانی:......حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری، ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان، ۱۶/ذی قعدہ ۱۴۳۲ھ بمطابق ۱۵/اکتوبر ۲۰۱۱ء

© rasailojaraid.com